Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۴ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۳ نومبر سنہ ۱۹۳۵ء جلد ۴۶

حصہ اوّل

احکام عالیہ منسٹر صاحبان و سکرٹری صاحبان

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔

رخصت

۱۹ نومبر ۱۹۳۵ء

مثل درخواست و نقشہ رخصت رعایتی پندرہ یوم سید امانت علی اہلمد اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر مشاہدہ ہوا درخواست از تاریخ استفادہ بفرورت بذمہ داری اظہار حسین اہلمد اجلاس مذکور مع تحریر ڈار صاحب فائنانس سکریٹری بہادر بغرض تصدیق استحقاق رخصت مطلوبہ۔ درخواست ثانی سید امانت علی مسطور نسبت تعیین تاریخ استفادہ رخصت (۲۳ نومبر ۱۹۳۵ء)

حکم

بموجب استحقاق ۔ ۲۳ نومبر ۱۹۳۵ء سے ۱۵ یوم کی رعایتی رخصت منظور ہے۔ اظہار حسین اہلمد۔ بزمانہ رخصت سید امانت علی اہلمد رخصتی کے کام کا ذمہ دار رہیگا۔ حکم ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسلہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

رہائی

۱۷ نومبر ۱۹۳۵ء

ایمائے ہمایوں ہے کہ بتقریب جشن سالگرہ ہمایوں ذیل کے قیدیان مسمیان:۔

(۱) پتی میاں ولد سید جان قیدی مجرم دفعہ ۳۷۶۔ مدت سزا تین سال۔ بقیہ مدت قید ۸ ماہ تین یوم۔

(۲) چھنو خاں ولد علی حسین خاں قیدی مجرم دفعہ ۴۵۷/۳۸۰ مدت سزا ایکسال۔ بقیہ مدت قید دس ماہ پانچ یوم کو بترحم خسروانہ بمعافی بقیہ قید جیل سے رہا کر دیا جائے لہذا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض تعمیل بمنشائے ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل کے پاس مرسلہو۔ سررشتہ سے ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم اجلاس عالیہ جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر

۱۶ر نومبر ۱۹۳۵ء

مشتاق علیخان کے پاس بحالت ضلعداری گاؤں بہی جیکہ میں تھا جو خلاف حکم اجلاس ہمایوں تھا اور اسکو اس بنا پر معطل کیا گیا ہے گاؤں اب خام ہو چکا ہو اور حسب تحریر ناظم صاحب بہادر اوسپر لابد ہے کا مطالبہ مالگذاری باقی ہے جسکی ادائیگی کے لیے اوسنے بتاریخ ۸ و ۹ر نومبر ۱۹۳۵ء مبلغ [illegible] نقد امپیریل بنک میں داخل کردیے ہیں اور مبلغ [illegible] روپیہ جو اوس کے نقد امانت ضمانت میں جمع ہیں اوسکو بھی زیر مطالبہ مجرا کرانا چاہتا ہے اس ادائیگی کے بعد مبلغ دوسو دو پیہ اوس کے ذمہ باقی رہیں گے۔ جسکے مقابلہ میں اوس کی دوسو پچیس روپیہ کی جائداد مکفول ہے رقم امانت ضمانت فوراً مجراء سرکار کرلی جاوے اور باقی دوسو بمیعاد تین ماہ مشتاق علیخان داخل نہ کرے تو جائداد مکفولہ نیلام کرادیجاوے چونکہ گاؤں خام ہو چکا ہے اور بقایا سرکار کا حسب صراحت بالا انتظام ہو گیا ہے اور خدمات سرکاری کے انجام دہی میں کوئی قصور بھی اوس سے سرزد ہونا ظاہر نہیں کیا گیا ہے اسلئے اوسکو اپنے حلقہ پر بحال کیا جاوے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اور اوسکو بحال کیا جاتا ہے۔ ضلعداری کی امانت ضمانت جداگانہ مکفول ہے اگر انجام دہی خدمات کے سلسلہ میں کوئی مطالبہ اوسپر نکلیگا تو امانت ضمانت سے وصول کیا جاسکتا ہے اور دیگر کارروائی قانونی بھی اوس کے خلاف کیجاسکتی ہے ناظم صاحب بہادر مطالبہ اور بحالی کے متعلق براہ کرم احکام جاری فرماویں۔ ۱۶ر نومبر ۱۹۳۵ء

دستخط فارسی جناب ریونیو منسٹر بہادر

حکم ناظم صاحب

ہیڈ اکونٹنٹ صاحب وصولی مطالبہ کے متعلق نوٹ کریں اور بعد گزرنے تین ماہ رپورٹ کریں کہ مطالبہ بقایا ادا ہوا یا نہیں اور درصورت نہ ادا ہونے مطالبہ کے کارروائی نیلام جائداد مکفول عمل میں آوے۔ مشتاق علیخاں ضلعدار بحال شدہ کی تعیناتی تحصیل شاہ آباد میں کیجاتی ہے تحصیلدار صاحب شاہ آباد ضلعدار مذکور کو کسی حلقہ اضافہ شدہ کا چارج دیکر رپورٹ کریں موجودہ انتظام ضلعداران حضور تحصیل بدستور قائم رہیگا احکام صدر سے جاری ہوں۔ ۱۵ر نومبر ۱۹۳۵ء

دستخط ناظم صاحب

حکم اجلاس عالیجناب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

اعلان

۲۰ نومبر ۱۹۲۵ء

ایک ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس و ایک سب انسپکٹر پولیس کے عہدہ کے لئے امیدواران کی ضرورت ہے منتخب شدہ امیدواران کو مراد آباد پولیس ٹریننگ اسکول میں ٹریننگ دیجائیگی ٹریننگ کا خرچ جناب … دیگی … اور اس حالت میں کہ امیدوار پولیس ٹریننگ اسکول میں … ملازمت … سے تاریخ تقرر سے اندر دو سال … یا مستعفی ہو جائے تو اس حالت میں ٹریننگ کی کل فیس امیدوار سے وصول کیجائیگی۔

درخواستہائے امیدواران ۱۰ دسمبر ۱۹۲۵ء تک دفتر صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس میں موصول ہونا لازمی ہے۔ اور جملہ درخواستیں صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی خدمت میں روانہ کیجائیں۔ مندرجہ ذیل امور کی پابندی لازمی ہے

الف۔ برائے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس۔

۱۔ امیدواران قدیم باشندہ ریاست رامپور ہوں۔

۲۔ سوائے اس حالت کے کہ امیدوار اسوقت پولیس ریاست رامپور میں ملازم ہو ہر امیدوار کی عمر یکم دسمبر ۱۹۲۵ء کو بیس اور پچیس سال کے درمیان ہونا چاہئیے

۳۔ امیدواران کسی ریکگنائزڈ یونیورسٹی کے گریجویٹ ہوں اور عام طور سے انکی لمبائی ۵ فٹ ۶ انچ اور سینہ ۳۴ انچ سے کم نہ ہو۔

۴۔ امیدواران اچھے تعلقات اور حیثیت کے آدمی ہوں … انتخاب کا حوالہ دینا لازمی ہے

۵۔ امیدواران کو ایک میڈیکل سارٹیفکٹ … صاحب … کرنا چاہئیے جس سے معلوم ہو کہ امیدواران کی جسمانی تندرستی … اچھی ہو اور وہ آؤٹ ڈور فرائض کے انجام دینے کے لئے … اہلیت رکھتے ہیں

۶۔ امیدواران کو چاہئیے کہ ایک سارٹیفکٹ اپنے کسی … معتبر شخص … سے پیش کریں کہ انکا چال چلن اچھا ہے اور … ریاست کے خلاف کسی قسم کی سیاسی تحریک میں حصہ نہیں لیا ہے

۷۔ امیدواران صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو اس امر کا … اردو کی قابلیت و عام اہلیت کا ثبوت دیکر مطمئن کریں گے تاکہ … اور ہندی حروف … ہندوستانی زبان کی قابلیت ہو …

ب۔ برائے سب انسپکٹر پولیس۔

۱۔ امیدواران قدیم باشندہ ریاست رامپور ہوں۔

۲۔ امیدواران کی عمر یکم دسمبر ۱۹۲۵ء کو ۲۰ و ۲۴ سال کے درمیان …

۳۔ امیدواران کسی ریکگنائزڈ یونیورسٹی کے میٹرک … پاس ہوں۔ اور عام طور سے انکی لمبائی ۵ فٹ ۶ انچ اور سینہ ۳۳ انچ سے کم نہ ہو۔

۴۔ امیدواران اچھے تعلقات اور حیثیت کے آدمی ہوں … انتخاب کا حوالہ دینا لازمی ہو۔

۵۔ امیدواران کو ایک میڈیکل سارٹیفکٹ … صاحب چیف … پیش کرنا چاہئیے جس سے معلوم ہو کہ امیدواران کی جسمانی تندرستی کافی اچھی ہے اور آؤٹ ڈور … کے انجام دینے کے لئے کافی اہلیت رکھتے ہیں۔

۶۔ امیدواران کو چاہئیے کہ ایک سارٹیفکٹ … کسی معتبر شخص … سے کہ انکا چال چلن اچھا ہے اور انہوں نے ریاست کے خلاف کسی قسم کی سیاسی تحریک میں حصہ …

نہیں پایا ہے

۵۔ امیدواران منصب انسپکٹر جنرل پولیس کو اس
عہدہ کے لئے ادبی قابلیت و تمام امیدواروں کا ثبوت دیکر
مطمئن کرینگے ۔ فارسی شکست اور شہری حروف تہجی میں ہندوستانی
زبان کی قابلیت ہونی چاہیئے ۔

نوٹ ۔ عہدہ سب انسپکٹری پولیس فورس میں دو اسامیاں
خالی ہیں ۔ انہیں سے ایک جگہ کا انتظام پولیس فورس سے
کیا جائیگا   حکم ہوا کہ
ایک نقل بغرض اطلاع عام بمطبع سرکاری کو برائے اندراج
گزٹ مرسل ہو ۔

دستخط صاحب انسپکٹر جنرل پولیس

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

فہرست مقدمات پیشی جنکی پیشی من ابتدائے ۱۵ر نومبر ۱۹۳۵ء لغایت ۱۸ر نومبر ۱۹۳۵ء عدالت ہائیکورٹ میں ہوئی۔

بغرض اشاعت گزٹ سرکاری بھیجی گئی مسلم فقط

المرقوم ۱۹ر نومبر ۳۵ء

دستخط حاکم بست مسئلہ چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۵ر نومبر ۱۹۳۵ء	جمعہ	تعطیل			
۱۶ر نومبر ۱۹۳۵ء	شنبہ	اجلاس جناب مسٹر جسٹس محمد شاہ نجمانی صاحب	سرکار بہادر بنام فدا خان	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	مثل ہذا کی پیشی بوجہ ختم ہو جانے وقت اجلاس کے نہیں آئی لہذا ۲۰ نومبر ۳۵ء کو بقیہ ثبوت پیش کیا جائے
"	"	"	خضر یار خان بنام عزیز احمد وغیرہ	ابتدائی دیوانی بدعوی حصہ بابت حکم امتناعی بازار	آج مدعا علیہم کی درخواست مہلت واسطے ادخال جواب منظور ہوکر حکم ہوا کہ ۲۶ر نومبر تک جواب داخل کیا جائے۔
"	"	"	صاحبزادہ سید مظفر علی خان صاحب بنام صاحبزادہ ممتاز علی خاں صاحب	ابتدائی دیوانی بدعوی تقسیم مکانات وغیرہ	مدعا علیہ کا شن کونسل خازن کو بغرض تعمیل بھیجا گیا تھا جو ہنوز واپس نہیں آیا ہے لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر بتاریخ ۲۸ر نومبر ۳۵ء کو پیش ہو۔
"	"	"	سرجن لال بنام چندا لال	اپیل دیوانی بدعوی ۳۰ر ۶	وقت اجلاس ختم ہوگیا مقدمہ ملتوی ہوکر بتاریخ ۳۰ر نومبر ۳۵ء پیش ہو
"	"	"	افسری بیگم بنام زید رحمٰن	درخواست اجرائے ڈگری ۱۰	حسب استدعائے ڈگریدار کاروائی اجرائے وارنٹ کیجائے مقدمہ بتاریخ ۳۰ر نومبر ۳۵ء پیش ہو۔
"	"	اجلاس جناب چیف جسٹس صاحب	چندا پرشاد بنام امرت لال	نگرانی دیوانی بدعوی ۱۰	زیر غور
"	"	"	بریام وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۱۲۳ ت	فیصلہ مرالال مجسٹریٹ کیلئے اسیقدر سزا برداشت کرنا کافی ہے جسقدر وہ اسوقت تک برداشت کرچکے ہیں بقیہ سزا ملزمان مذکورین معاف کیجاتی ہے ان کو جیل سے فوراً رہائی کا حکم دیا جاتا ہے بریام ملزم کو جو ... کا ضبط کیا جانیکا حکم دیا جاتا ہے بقیہ ملزم کیجانب سزا مجوزہ عدالت ماتحت بحال رکھی جاتی ہے لیکن لگو اسلطانی کے مقابلہ میں سرکار کو اختیار حاصل ہے اسکے خلاف کارروائی ضابطہ کا آغاز کرے
"	"	"	سرکار بہادر بنام بریام وغیرہ	اپیل برأت فوجداری بجرم دفعہ ۱۲۳ ت	اپیل نامنظور کیا جاتا ہے۔
"	"	"	احمد شاہ خان و عاشق ... بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	احمد شاہ خان ملزم قیدی بجائے جرم دفعہ ۳۰۲ ت کے زیر دفعہ ۳۰۴ سات سال قید سخت کا سزایاب ہوا اور عاشق ملزم قید و بعدم ثبوت بری ہوکر جیل سے فوراً رہا کیا جاتا ہے۔
لغایت ۱۸ر نومبر	یکشنبہ تا دوشنبہ	تعطیلات سالگرہ مبارک اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم			

نقشہ نرخنامہ اجناس تحصیل ملک از ۹/ نومبر ۱۹۳۵ء لغایتہ ۲۵/ نومبر ۱۹۳۵ء

نمبر شمار	نام جنس	تعداد و نرخ	
۱	گندم	۱۱ ر	
۲	نخود خالص	۸ ر	
۳	نخود کرمیٹہ	۳ ۱۰ ر	
۴	کسہ	۵ ۱۰ ر	
۵	ماش	۱۰ ر	
۶	مونگ	۰	
۷	مٹر	۱۰ ر	نوٹ:- کسی تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
۸	جئی	۰	
۹	کوجئی	۰	
۱۰	عدس	۰	
۱۱	ارہر	۰	
۱۲	برنج انجنہ	۹ ر	
۱۳	روغن زرد	۲ ۱۰ ر	
۱۴	روغن سیاہ	۲ ر	
۱۵	روغن کنجد	۱۰ ر	
۱۶	نمک سانبھر	۶ ۱۰ ر	
۱۷	نمک لاہوری	۷ ر	
۱۸	قند سیاہ	۷ ر	
۱۹	جوار	۱۰ ر	
۲۰	باجرہ	۱۷ ر	

مطبع اسٹیٹ پریس ایکا